| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ش' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے 'ش' لکھ سکیں حرف 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ش' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔اور 'ا سے لے کر س' تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء بھی پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'ش' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر 'ش' کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف 'ش' ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔اور حرف 'ش' کی آدھی شکل ش کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔'ش' حروف تہجی کا بیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ش' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ش' کے ذخیرہ الفاظ شعلہ،شترمرغ،شکر قندی،شملہ مرچ،شہد،شوارما،شلجم اور شاخ فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر بچوں کو حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 40 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا حرف 'ش' پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔حرف 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی مثال کے طور پر 'ش' شعلہ،ش،شترمرغ وغیرہ۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف ش کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی۔اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 40<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ش' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ش‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ش‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت/بناوٹ سے ’ش‘ لکھ سکیں حرف ’ش‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف ’ش‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو ’ش‘ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ش‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ’ش‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔بچوں کو شعلہ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ آگ کا شعلہ ہے۔اس کی ابتدائی آواز ’ش‘ ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا آگ بہت خطرناک ہوتی ہے۔آگ سے نکلنے والے شعلے اگر ہمارے اوپر گر جائیں یا ہمارا ہاتھ شعلے کو لگ جائے تو وہ ہم جل جاتے ہیں اس لیے آپ کو ایسی جگہوں پر نہیں جانا چاہیے جہاں تھوڑی سی بھی آگ یا اُس کے شعلے ہوں۔بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ش‘ کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>حرف ’ش‘ کے تصاویر فلیش کارڈ کلاس میں مختلف جگہوں پر چھپا دیں۔بچوں سے کہیں I Spy میں ’ش‘ سے شروع ہوتا ہوں۔ میں ہوں کون بچوں سے ش سے کہیں تصاویر کے فلیش کارڈ ڈھونڈیں اور جس کے پاس سب سے زیادہ ہوں گے وہ ہوگا Winner پھر بچوں سے کہیں کہ اپنے اپنے فلیش کارڈ کی تصاویر کے نام بتائیں ۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں شہد کی مکھی میں رنگ بھریں گے اور ’ش‘ کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر ’ش‘ کی پوری لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ش' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ش' لکھ سکیں حرف 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ش' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ش' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ش' سے شترمرغ کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ نے شترمرغ دیکھا ہے؟ کہاں دیکھا ہے؟ یہ کیسا ہوتا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ شترمرغ ایک پرندہ ہے۔لیکن یہ اُڑ نہیں سکتا۔ کیونکہ یہ بہت بڑا ہوتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ شترمرغ کا انڈہ بھی بہت بڑا ہوتا ہے۔ بچوں کو کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ش' بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کلاس سے باہر لے جائیں اور 'ش' کی ہوپ سکوچ گیم کھلائیں۔ جس میں وہ س اور ش میں سے ش پر چھلانگ لگائیں گے اور اُس کی صوتی آواز اور ایک شے کا نام بتائیں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'ش' کو اس سے شروع ہونے والی چیزوں سے ملائیں گے اور 'ش' کی آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>چاک<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے شعلہ، شترمرغ، شہد کی مکھی، شہد کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں شلجم میں رنگ بھریں اور پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | چوتھا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ش' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ش' لکھ سکیں حرف 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ش' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ش' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ش' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے شہد، شوارما، شلجم اور شاخ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ اور ان کے نام بتائے جائیں گے۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور مختلف اشیاء سے بھری ہوئی ایک ٹوکری دیں۔ ہر بچے سے کہیں کہ باری باری اس میں سے 'ش' سے شروع ہونے والی چیز نکالیں اور اُس کا نام بتائیں۔ بچے ٹوکری ایک دوسرے کو پاس کرتے جائیں گے۔ (شلجم، شملہ مرچ، کھلونا، شتر مرغ، شلوار)۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 41 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ش' کو اُس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے۔ نیچے دی گئی 'ش' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ٹوکری حروف تہجی کی اشیاء<br>کتاب صفحہ نمبر 41<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے شہد، شہوت، شلجم، شوارما کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ش' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ش' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ش' لکھ سکیں حرف 'ش' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'ش' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ش' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو شکر قندی اور شملہ مرچ کے فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ شکر قندی اور شملہ مرچ ہے ۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ دونوں سبزیاں ہیں پھر سبزیوں کی افادیت کے بارے میں بتایا جائے گا کہ سبزیاں بہت صحت مند ہوتی ہیں۔ کچھ سبزیاں کچی کھائی جاسکتی ہیں کچھ پکا کے کھانی پڑتی ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ اُن کو کون سی سبزیاں پسند ہے۔ کیا انہوں نے کبھی شکر قندی اور شملہ مرچ کھائی ہے ان کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ش' کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ش' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ش' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |